شعبہ نشرو اشاعت تنظیم اسلامی پاکستان

36-کے، ماڈل ٹاؤن لاہور، فون: 042-35869501، ای میل: media@tanzeem.org

17 جنوری 2024ء

پریس ریلیز

برادر اسلامی ملک ایران کا پاکستان کی سرزمین پر میزائل حملہ انتہائی قابل مذمت ہے۔ (شجاع الدین شیخ)

لاہور (پ ر): برادر اسلامی ملک ایران کا پاکستان کی سر زمین پر میزائل حملہ انتہائی قابل مذمت ہے۔ یہ بات تنظیم اسلامی کے امیر **شجاع الدین شیخ** نے ایک بیان میں کہی۔ اُنہوں نے کہا کہ ایران نے دعویٰ کیا ہے کہ بلوچستان کے ضلع پنجگور میں ایران مخالف تنظیم جیش العدل کو نشانہ بنایا گیا۔ سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ جب پاکستان اور ایران کے درمیان رابطے کے متعدد ذرائع موجود ہیں اور دونوں ممالک ماضی میں شرپسندوں کے خلاف مشترکہ کاروائی بھی کرتے رہے ہیں۔ پھر یہ کہ سوئٹزر لینڈ میں نگران وزیراعظم پاکستان اور ایرانی وزیر خارجہ کی ملاقات جاری تھی تو ایسے وقت پر پاکستان کی فضائی حدود کی بلا اشتعال خلاف ورزی اور پاکستان کی حدود کے اندر حملہ کرکے رہائشی مکانات کو نشانہ بناتے ہوئے 2 بچے شہید کر دینے کا کیا جواز تھا۔ اُنہوں نے حکومتِ پاکستان سے مطالبہ کیا کہ اس شرمناک واقعہ پر ایران سے جواب طلب کیا جائے۔ ایران کو بھی معلوم ہونا چاہیے کہ ایسے واقعات کے سنگین نتائج ہو سکتے ہیں۔ امیر تنظیم اسلامی نے کہا کہ یہ بات قابل غور ہے کہ پاکستان پر یہ میزائل حملہ ایسے وقت میں کیا گیا ہے جب پاکستانی بحریہ کے مطابق 'حالیہ سمندری سیکورٹی واقعات' کے پیش نظر بحیرہ عرب میں یمن کے حوثی علاقوں سے متصل 3 بحری جہازوں کی تعیناتی کر دی گئی ہے۔ یہ بات بھی نا قابل فہم ہے کہ ایران نے دو عرب ممالک اور اپنے ہمسایہ ملک پاکستان پر ایک ہی روز میں حملہ کیوں کیا ہے۔ حقیقت یہ ہے کہ آج مسلمان ممالک کا طاغوتی قوتوں کے لیے ترنوالہ بن جانے کی ایک بڑی وجہ یہ ہے کہ وہ خود آپس میں گتھم گتھا ہیں اور متحد ہو کر اپنے اصل دشمنوں کا مقابلہ کرنے کے لیے آمادہ نہیں۔ ضرورت اس امر کی ہے کہ مسلمان ممالک آپس کے اختلافات کو ختم کرتے ہوئے مشترکہ ملی مفادات اور امتِ مسلمہ کی خیر خواہی کے جذبے سے جسدِ واحد کی مانند متحد ہوں تاکہ طاغوتی قوتوں کا بھرپور مقابلہ کیا جاسکے۔

جاری کردہ

ایوب بیگ مرزا

مرکزی ناظم نشرواشاعت، تنظیم اسلامی پاکستان

TANZEEM-E-ISLAMI

PRESS RELEASE: 17 January 2024

"The missile attack by Iran on its brother country Pakistan's soil is condemnable."

Shujauddin Shaikh

Lahore (PR): "The missile attack by Iran on its brother country Pakistan's soil is condemnable."

This was said by the Ameer of Tanzeem-e-Islami, **Shujauddin Shaikh**, in a statement. He said that Iran has claimed that it targeted the anti-Iran group Jaish Al-Adl in Baluchistan's Panjgur district. The question which arises is that when there are multiple means of communication available between Pakistan and Iran, and the two countries have carried out joint operations against malicious entities in the past, added to the fact that the meeting between Pakistan's Caretaker Prime Minister and Iran's Foreign Minister was still ongoing in Switzerland, then what incentive was being chased through this unprovoked violation of Pakistan's airspace and the martyring of 2 children as a result of attacks on residential areas within Pakistan's borders? He called for the government of Pakistan to demand an explanation from Iran regarding this tragic incident. Iran must also be knowledgeable that such events can lead to devastating consequences. The Ameer of Tanzeem-e-Islami said that it is most peculiar that this missile attack was carried out on Pakistan at a time when according to the Pakistan Navy, 3 naval vessels have been appointed for duty in the Arabian Sea near Houthi areas of Yemen; in response to "recent maritime security incidents". The fact that Iran targeted two Arab countries and its neighbor Pakistan on the same day is also quite puzzling. The reality is that a major reason for the fact that Muslim countries have become easy prey for malicious forces today, is that they are entangled amongst themselves in a mutual row, and reject the idea of uniting in order to battle their real enemies. The need of the hour is for all Muslim countries to settle their differences and, motivated by shared national interests and the betterment of the Muslim Ummah, unite as a single body, so that they may effectively combat the enemy forces.

Issued by:
Ayub Baig Mirza
Markazi Nazim Nashr o Ishaat
Tanzeem e Islami Pakistan